# Press Release

October 4, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے ستمبر میں 1070 نئ کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد ، 4 اکتوبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسینج کمیشن آف پاکستان نے ستمبر میں ایک ہزار ستر نئ کمپنیاں رجسٹر کیں۔ چوہتر فیصد کمپنیاں چار گھنٹوں کے اندر اندر رجسٹر کی گئیں۔ گزشتہ مالی سال کے اس ماہ کے مقابلے میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں پچاس فیصد اضافہ ہوا۔ اب رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد نوے ہزار سات سو بائیس (90,722) ہو گئی ہے۔

تقریباً تہتر فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن بطور پرائیوٹ لمیٹڈ کمپنی ہو ہیں، تقریباً پچیس فیصد کمپنیز سنگل ممبر کمپنی کے طور پر رجسٹر ہو ہیں۔ دو فیصد کمپنیوں میں پبلک ان لسٹڈ کمپنیاں، غیر منافع بخش کمپنیاں، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹڈ لائیبلٹی کمپنیاں ہیں۔

سب سے زیادہ ٹریڈنگ کے شعبے سے تعلق رکھنے والی کمپنیوں کی رجسٹریشن ہوئی جن کی تعداد ایک سو اناسی تھی۔ تعمیرات کے شعبے میں ایک سو بیالیس کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، خدمات کے شعبے میں ایک سو سینتیس، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ایک سو سات، سیاحت میں تراسی، خوراک و مشروبات میں پینتالیس، رئیل سٹیٹ میں چونیتس، کارپوریٹ ایگری کلچر فارمنگ میں انیتس، ٹیکسٹائل میں اٹھائیس، انجنیئرنگ میں چھبیس، تعلیم میں بیس، ٹرانسپورٹ میں اٹھارہ، مارکیٹنگ اور اشتہارات میں سولہ، صحت، اور دواسازی کے شعبے میں چودہ، کیبل اور برقی اشیاء میں تیرہ، آٹو اینڈ الائیڈ اور کاغذ کی مصنوعات میں بارہ، لاگنگ اور کان کنی اور پتھروں کی کھدائی میں گیارہ اور ایک سو نو کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ علاوہ ازیں، اسلام آباد میں ایک غیر ملکی کمپنی رجسٹر ہوئی۔ ایس ای سی پی نے کارپوریٹائزیشن میں اضافے کے لئے مختلف اصلاحات متعارف کروائیں جن میں چار گھنٹے کے اندر اندر کمپنی کی رجسٹریشن کی سہولت بھی شامل ہے۔

چونیتس نئ کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی گئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، بیلارس، چین، ڈنمارک، جرمنی، ایران، کوریا، ملائیشیا، نیدرلینڈز، روس، تھائی لینڈ اور برطانیہ سے ہے۔

سب سے زیادہ یعنی تین سو چوہتر کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جبکہ دو سو چھیانوے اور ایک سو پچانوے کمپنیاں لاہور اور کراچی میں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے علاوہ پشاور، ملتان، فیصل آباد، گلگت بلتستان، کوئٹہ اور سکھر میں تراسی، تینتالیس، اٹھائیس، ستائیس، بیس اور چار کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9100432